[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*further to amend the Port Qasim Authority Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Port Qasim Authority Act, 1973 (XLIII OF 1973), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.** – (1) This Act shall be called the Port Qasim Authority (Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XLIII of 1973.**– In the Port Qasim Authority Act, 1973 (XLIII OF 1973), hereinafter called as the said Act, in section 2,-

(a) in clause (e), for the word "Chairman", wherever occurring, the word "Chairperson" shall be substituted;

(b) after clause (e), the following new clause (ea) shall be inserted, namely: -

"(ea) "Chief Executive Officer" means any natural person appointed as Chief Executive Officer under section 8A;";

(c) in clause (fa), the words "the Minister for" shall be omitted; and

(d) in clause (r), at the end for the full stop a semi colon shall be substituted and after clause (r), the following new clause (s) shall be inserted, namely:-

"(s) "SOE Act" means the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (VII of 2023).".

3. **Amendment of section 5, Act XLIII of 1973.**– In the said Act, in section 5, –

(a) in sub-section (2), for the words "Federal Government, may from time to time, give", the words "division concerned may provide in writing to the Board in accordance with the SOE Act and State-Owned Enterprise Ownership and Management Policy, issued by the Government from time to time, and such directions and any actions taken by the Board shall be included in the annual report of the directors of the Authority" shall be substituted; and

(b) in sub-section (3), for the words "Federal Government", the words "division concerned" shall be substituted;

(c) after sub-section (3), the following new sub-section (4) shall be inserted, namely:-

"(4) Notwithstanding anything contained in this Act, the SOE Act shall apply to the provisions of this Act and in case of any inconsistency between the provisions of this Act and the SOE Act, the provisions of the SOE Act shall prevail."

**4.** ***Amendment of section 6, Act XLIII of 1973.***– In the said Act, in section 6, –

(a) for sub-section (1), the following shall be substituted, namely: –

"(1) The Board shall consist of: –

| S. | Membership | Status |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| (a) | A person of eminence and known integrity to be appointed by the Federal Government in accordance with the SOE Act | Chairperson (Independent Director) |
| (b) | Additional Secretary of the division to which business of the Authority stands allocated | *Ex-Officio Director* |
| (c) | Additional Secretary of the division to which business of Finances of the Federal Government stands allocated | *Ex-Officio Director* |
| (d) | Additional Secretary of the communications division | *Ex-Officio Director* |
| (e) | Commander, Coastal Areas, Pakistan Navy | *Ex-Officio Director* |
| (f) | Chief Executive Officer of the Authority | *Director* |
| (g) | Five independent directors of known integrity and eminence to be appointed by the Federal Government in accordance with the SOE Act | *Independent Directors* |

(b) after sub-section (1), the following new sub-sections (1A), (1B), (1C), and (1D) shall be inserted, namely: –

"(1A) There shall be a secretary of the Board to be appointed in such manner and on such terms and conditions as may be prescribed by the Board.

(1B) The directors, other than the ex-officio directors, shall be appointed by the Federal Government.

(1C) Subject to section 12 of the SOE Act, the Federal Government may, by notification in the official Gazette, increase or decrease the number of directors of the Board subject to having the independent directors in majority and that the quorum of the Board shall be adjusted accordingly.

(1D) No person shall be qualified to be appointed as an independent director under clause (a) and (g) of sub-section (1) unless he complies with and satisfies the fit and proper criteria prescribed in the SOE Act and is not disqualified as such as per section 11 of SOE Act.";

(c) for sub-section (2), the following shall be substituted, namely:–

"(2) The Chairperson and Independent Directors of the Board shall, unless he becomes in the meantime disqualified, hold office for a period of three years.";

(d) for sub-section (3), the following shall be substituted, namely:–

"No independent director shall serve for more than nine years on the Board and shall not be appointed to the Board after two consecutive terms unless a period of three years has lapsed.";

(e) in sub-section (4), after the words "or proceeding", the words "or decision", and after words "any defect", the words "or irregularity" shall be inserted; and

(f) in sub-section (5), for the word "Chairman", the word "Chairperson", and for the words "Prime Minister", wherever occurring, the words "Federal Government" shall be substituted.

5. **Omission of section 7, Act XLIII of 1973.**– In the said Act, section 7 shall be omitted in its entirety.

6. **Substitution of section 8, Act XLIII of 1973.**– In the said Act, for section 8, the following shall be substituted, namely:–

"**8. Duties and functions of Chairperson.**– The Chairperson shall be responsible for leading the Board and ensuring its effective functioning and continuous development and shall not be involved in day-to-day operations of the Authority.".

7. **Insertion of sections 8A and 8B, Act XLIII of 1973.**– In the said Act, after section 8, the following new sections 8A and 8B shall inserted, namely:-

"**8A. Chief Executive Officer.**– (1) There shall be a Chief Executive Officer of the Authority who shall be appointed by the Federal Government from amongst three candidates recommended by the Board with a three-fourth majority which shall include the vote of the ex-officio director of the division to which business of the Authority stands allocated.

Provided that the person holding the office of chairman of the Authority on the date of the enforcement of this Act shall cease to continue as the chairman and will hold the office of Chief Executive Officer of the Authority for a period of one year from the date of enforcement of this Act.

(2) No person shall be appointed as the Chief Executive Officer unless the person complies with and satisfies the fit and proper criteria prescribed in the SOE Act.

(3) The Board shall devise a transparent, competitive and objective procedure for scrutiny, short listing and interview of the applicants for post of Chief Executive Officer.

(4) The terms and conditions of the appointment of the Chief Executive Officer shall be determined by the Board.

(5) The Chief Executive Officer shall be appointed for a term of three years on a performance-based contract, extendable by another two years on demonstration of substantial satisfactory performance.

(6) The annual performance review of the Chief Executive Officer shall be undertaken by the Board.

(7) The Chief Executive Officer, once appointed, shall not be removed by the Federal Government before the completion of his term except on the recommendation of the Board, which recommendation shall set out just cause for recommending the removal.

**8B. Power and Functions of Chief Executive Officer.** (1) Subject to the provisions of the SOE Act, including section 15 thereof, the Chief Executive Officer shall exercise such powers and perform such functions as provided for in this Act and rules and regulations made thereunder.

(2) The Chief Executive Officer shall:–

(a) be responsible for the management of the Authority and for its procedures in financial and other matters under delegation from the Board and subject to the oversight and directions of the Board;

(b) ensure the proper implementation of strategies and policies approved by the Board; and

(c) put in place appropriate arrangements to ensure that funds and resources are properly safeguarded and are used economically, efficiently and effectively and in accordance with the Authority's business plan, the primary objective of the Authority and all other statutory obligations.".

8. **Amendment of section 9, Act XLIII of 1973.**– In this Act, in section 9,

(a) for sub-section (2), the following shall be substituted, namely:-

"(2) The Board shall meet: —

(a) at least once in every two months; and

(b) at other times that the Board considers necessary for the efficient management of the business and affairs of the Authority.;

(b) after sub-section (2), amended as aforesaid, the following new sub-section (3) shall be inserted, namely:–

"(3) Subject to the provisions of the SOE Act, including section 22 thereof, the quorum of a Board's meeting shall not be less than six members, including not less than three independent directors and one ex-officio director, present personally or through video-link.".

9. **Insertion of section 9A, Act XLIII of 1973.**– In this Act, after section 9, the following new section 9A shall be inserted, namely:-

"9A. **Decisions of the Board.** The decisions of the Board shall be taken by majority, however the following decisions shall require a decision by three-fourth majority, which shall include the vote of the of *ex-officio* director of the division to which business of Authority stands allocated, namely:–

(a) appointment and removal of Chief Executive Officer;

(b) approval of the statement of corporate intent and business plan;

(c) proposals for sale of sizeable assets;

(d) annual budget statement approval; and

(e) sale of assets of the Authority:

Provided that the Chairperson shall have second or casting vote in case of equal votes.".

10. **Amendment of section 12, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 12, for the words "division concerned", the word "Board" shall be substituted.

11. **Amendment of section 14, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 14, the second proviso shall be omitted.

12. **Amendment of section 51, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 51, the words "made with the prior approval of the division concerned" shall be omitted.

13. **Amendment of section 52, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 52, for the word "Chairman", the word "Chairperson" shall be substituted and thereafter the words ", Chief Executive Officer," shall be inserted.

14. **Amendment of section 53, Act XLIII of 1973.** –In the said Act, in section 53, for the word "Chairman", the word "Chairperson" shall be substituted and thereafter the words ", Chief Executive Officer," shall be inserted.

15. **Amendment of section 54, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 54, in the title, the words "to Chairman, etc" shall be omitted and for the word "Chairman", the words "Chief Executive Officer", and for the words "or a member", the words "committees of the Board" shall be substituted.

16. **Amendment of section 55, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 55, for the word "Chairman", the words "Chief Executive Officer" shall be substituted, and after the word "members", the words "including Chairperson" shall be inserted.

17. **Omission of section 56, Act XLIII of 1973.**– In the said Act, section 56 shall be omitted.

18. **Amendment of section 57, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 57,

(a) in sub-section (1), for the words "in such form as may be prescribed by the Auditor-General of Pakistan consistent with the requirements of the Act", the words "in accordance with International Financial Reporting Standards" shall be substituted; and

(b) in sub-section (2), for the words "division concerned", wherever occurring, the word "Board" shall be substituted.

**19. Omission of section 60A, Act XLIII of 1973.**– In the said Act, section 60A shall be omitted in its entirety.

**20. Amendment of section 63, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 63,–

(a) for sub-section (1), the following shall be substituted, namely:-

"(1) The Authority shall submit to the division concerned a report on its operations and its subsidiaries for the financial year to which it relates, not later than four months after the end of that financial year in the form prescribed in Schedule-VI of SOE Act."; and

(b) after sub-section (1), the following new sub-sections (1A) and (1B) shall be inserted, namely:-

"(1A) The annual report referred to in sub-section (1) may omit information that the Board reasonably considers is likely to materially prejudice the commercial interests of the Authority or a subsidiary if disclosed.

Provided that the Board shall submit a report to the division concerned on the information omitted from the annual report and the reasons for such omission and such report shall be confidential.

(1B) The Authority shall submit to the division concerned a half-yearly report of the operations of the Authority for the first half of the financial year to which it relates not later than two months after the end of the first half of that financial year.".

**21. Amendment of section 69, Act XLIII of 1973.** – In the said Act, in section 69, in sub-section (1), the words ", with the prior approval of the division concerned," shall be omitted.

**22. Omission of section 70, Act XLIII of 1973.**– In the said Act, section 70 shall be omitted.

## Statement of Objects and Reasons

Since the promulgation of the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (SOE Act, 2023), every state-owned entity categorized and declared as such is required to conform its respective law in alignment with the SOEs Act, 2023.

Port Qasim has been classified and declared as strategic SOE by the Federal Government on 04-12-2024. In pursuance of the decision of the Federal Government, Port Qasim Authority Act, 1973, falling under the jurisdiction of Maritime Affairs Division is hereby amended to bring it in line with the provisions of the SOEs Act, 2023.

Furthermore, in pursuit of improved governance and operation, public accountability, and better service delivery, the following changes were made to the fore-mentioned law by way of proposing amendment to the Port Qasim Authority Act, 1973:

1. SOEs Act, 2023, carries an overriding effect;
2. For gender inclusivity, the word 'Chairman' has been substituted with the word 'Chairperson';
3. The role of the Chairperson is distinct from that of Chief Executive Officer (CEO) in the manner that the Chairperson shall be responsible for leading the Board while the CEO shall be involved in day-to-day operations of the State-Owned Enterprise;
4. The Board composition of the Port Qasim Authority shall comprise of :-
    a. majority representation from independent directors,
    b. Chief Executive Officer, and
    c. ex-officio directors including Additional Secretaries from Maritime Affairs Division and Finance Division;
5. The overall objective is to ensure good governance in line with international best practices and SOEs Act, 2023; and
6. A detailed mechanism for the appointment and removal of CEO has been provided in accordance with the requirements of SOEs Act 2023 while ensuring balance of power between the Board of Port Qasim Authority and the Federal Government.

Sd/-

**Muhammad Junaid Anwar**
**Federal Minister for Maritime Affairs**

# PORT QASIM AUTHORITY ACT, 1973

## Statement of Objects and Reasons

Since the promulgation of the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (SOE Act, 2023), every state-owned entity categorized and declared as such is required to conform its respective law in alignment with the SOEs Act, 2023.

Port Qasim has been classified and declared as strategic SOE by the Federal Government on 04-12-2024. In pursuance of the decision of the Federal Government, Port Qasim Authority Act, 1973, falling under the jurisdiction of Maritime Affairs Division is hereby amended to bring it in line with the provisions of the SOEs Act, 2023.

Furthermore, in pursuit of improved governance and operation, public accountability, and better service delivery, the following changes were made to the fore-mentioned law by way of proposing amendment to the Port Qasim Authority Act, 1973:

1. SOEs Act, 2023, carries an overriding effect;
2. For gender inclusivity, the word 'Chairman' has been substituted with the word 'Chairperson';
3. The role of the Chairperson is distinct from that of Chief Executive Officer (CEO) in the manner that the Chairperson shall be responsible for leading the Board while the CEO shall be involved in day-to-day operations of the State-Owned Enterprise;
4. The Board composition of the Port Qasim Authority shall comprise of :-
    a. majority representation from independent directors,
    b. Chief Executive Officer, and
    c. ex-officio directors including Additional Secretaries from Maritime Affairs Division and Finance Division;
5. The overall objective is to ensure good governance in line with international best practices and SOEs Act, 2023; and
6. A detailed mechanism for the appointment and removal of CEO has been provided in accordance with the requirements of SOEs Act 2023 while ensuring balance of power between the Board of Port Qasim Authority and the Federal Government.

**Muhammad Junaid Anwar**
**Federal Minister for Maritime Affairs**

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

ا

## پورٹ قاسم اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں پورٹ قاسم اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۷۳ء (۴۳ بابت ۱۹۷۳ء) میں، مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ پورٹ قاسم اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** پورٹ قاسم اتھارٹی ایکٹ ۱۹۷۳ء (۴۳ بابت ۱۹۷۳ء) میں، بعدازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں،۔۔

(الف) شق (ہ) میں، لفظ ''چیئرمین'' جہاں کہیں آرہا ہو، لفظ ''چیئر پرسن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) شق (ہ) کے بعد حسب ذیل نئی شق (ہ الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ہ الف) ''چیف ایگزیکٹو افسر'' سے دفعہ ۸ الف کے تحت بطور چیف ایگزیکٹو افسر تقرر کردہ کوئی بھی حقیقی شخص مراد ہے؛''؛ اور

(ج) شق (و الف) میں، الفاظ ''وزیر برائے'' کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(د) شق (ص) میں، آخر میں ختمہ کو وقفہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور شق (ص) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (ق) کو شامل کر دیا جائے گا؛ یعنی:۔

’’(ق) ’’SOE ایکٹ‘‘ سے ریاست کی ملکیتی انٹر پرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (۷ بابت ۲۰۲۳ء)، مراد ہے۔‘‘۔

**۳۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۵ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ ’’وفاقی حکومت، وقتاً فوقتاً دے سکے گی‘‘ کو الفاظ ’’متعلقہ ڈویژن SOE ایکٹ اور ریاست کے ملکیتی انٹر پرائزز کی ملکیت اور انصرامی پالیسی جو وقتاً فوقتاً وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کی گئی تھی کی مطابقت میں بورڈ کو تحریراً فراہم کرسکتی ہے، اور مذکورہ ہدایات اور کوئی بھی کارروائیاں جو بورڈ نے کیں اتھارٹی کے ارکان کی سالانہ رپورٹ میں شامل کی جائیں گی‘‘ سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ ’’وفاقی حکومت‘‘، کو الفاظ ’’متعلقہ ڈویژن‘‘ سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ج) ذیلی دفعہ (۳) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۴) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

’’(۴) اس ایکٹ میں شامل کسی امر کے باوصف، SOE ایکٹ اس ایکٹ کے احکامات پر لاگو ہوگا اور اس ایکٹ کے احکامات اور SOE ایکٹ کے درمیان کسی تضاد کی صورت میں، SOE ایکٹ کے احکامات غالب رہیں گے۔‘‘۔

**۴۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۶ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۶ میں،۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

’’(۱) بورڈ حسب ذیل پر مشتمل ہوگا:۔

| حیثیت | رکنیت | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| (3) | (2) | (1) |
| (چیئر پرسن) (آزاد ڈائریکٹر) | ایک بلند مرتبہ اور معروف دیانتدار شخص، جس کا وفاقی حکومت SOE ایکٹ کی مطابقت میں تقرر کرے گی | (الف) |
| بربنائے عہدہ ڈائریکٹر | ڈویژن کا ایڈیشنل سیکرٹری جسے اتھارٹی کا کارہائے منصبی تفویض کیا گیا ہو | (ب) |
| بربنائے عہدہ ڈائریکٹر | ڈویژن کا ایڈیشنل سیکرٹری جسے وفاقی حکومت کے مالی معاملات کا کام تفویض کیا گیا ہو | (ج) |
| بربنائے عہدہ ڈائریکٹر | مواصلات ڈویژن کا ایڈیشنل سیکرٹری | (د) |
| بربنائے عہدہ ڈائریکٹر | کمانڈر ویسٹ، ساحلی علاقہ جات، پاکستان نیوی | (ہ) |
| ڈائریکٹر | اتھارٹی کا چیف ایگزیکٹو افسر | (و) |
| آزاد ڈائریکٹرز | بلند مرتبہ اور معروف دیانتدار پانچ آزاد ڈائریکٹرز جن کا تقرر وفاقی حکومت SOE ایکٹ کی مطابقت میں کرے گی | (ز) |

(ب) ذیلی دفعہ (ا) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعات (اا الف)، (اب)، (اج) اور (اد) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

”(اا الف) بورڈ کا ایک سیکرٹری ہوگا جس کا تقرر ایسے طریقہ کار میں اور ایسی قیود و شرائط پر ہوگا جیسا کہ بورڈ مقرر کرے۔

(اب) علاوہ ازیں بربنائے عہدہ ڈائریکٹرز کے، ڈائریکٹرز کا تقرر وفاقی حکومت کرے گی۔

(اج) SOE ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کے تابع، وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے، بورڈ کے ڈائریکٹرز کی تعداد کو کم یا زیادہ کر سکتی ہے جو آزاد ڈائریکٹرز کی اکثریت سے مشروط ہوگی اور بورڈ کے کورم کو بحسبہ ہم آہنگ کیا جائے گا۔

(اد) کوئی بھی شخص ذیلی دفعہ (۱) کی شق (الف) اور (ز) کے تحت آزاد ڈائریکٹر کے طور پر تقرر کے لیے اہل نہ ہوگا، تاوقتیکہ وہ SOE ایکٹ میں مقررہ درست معیار پر پورا نہیں اترتا اور اس کی تعمیل نہیں کرتا اور SOE ایکٹ کی دفعہ ۱۱ کے مطابق اس طرح نااہل نہ ہوا ہو۔'';

(ج) ذیلی دفعہ (۲) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۲) بورڈ کے چیئرپرسن اور آزاد ڈائریکٹرز، تاوقتیکہ وہ نااہل قرار نہ پائے، تین سال کی مدت کے لیے عہدے پر فائز ہوں گے۔'';

(د) ذیلی دفعہ (۳) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

'' کوئی بھی آزاد ڈائریکٹر بورڈ میں نو سال سے زائد خدمات انجام نہیں دے سکے گا اور اسے مسلسل دو مدتوں کے بعد اس وقت تک دوبارہ بورڈ میں تقرر نہیں کیا جائے گا جب تک کہ تین سال کی مدت گزر نہ جائے۔'';

(ہ) ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ ''یا کارروائی'' کے بعد الفاظ ''یا فیصلے'' اور الفاظ ''کوئی بھی نقص'' کے بعد الفاظ ''یا بے قاعدگی'' کو شامل کر دیا جائے گا؛ اور

(و) ذیلی دفعہ (۵) میں، لفظ ''چیئرمین''، کو لفظ ''چیئرپرسن'' سے اور الفاظ ''وزیراعظم''، جہاں کہیں آرہا ہو، کو الفاظ ''وفاقی حکومت'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۷ کا حذف:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۷ کو مکمل طور پر حذف کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۸ کی تبدیلی:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۸ **چیئر پرسن کے فرائض اور کارہائے منصبی:۔** چیئر پرسن بورڈ کی قیادت کرنے اور اس کو مؤثر طور پر چلانے اور مسلسل ترقی دینے کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہوگا اور اتھارٹی کے روزمرہ کے آپریشنز میں شامل نہ ہوگا''۔

## ۸۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ میں، دفعات ۸ الف اور ۸ ب کی شمولیت:۔

مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعات ۸ الف اور ۸ ب شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''۸ الف۔ **چیف ایگزیکٹو افسر:۔** (۱) اتھارٹی کا ایک چیف ایگزیکٹو افسر ہوگا جس کا تقرر وفاقی حکومت کی جانب سے تین اُمیدواروں میں سے جن کی بورڈ سفارش کرے تین چوتھائی اکثریت کے ساتھ تقرر کیا جائے گا جس میں ڈویژن جسے اتھارٹی کا کارہائے منصبی سونپا گیا ہے کہ بر بنائے عہدہ ڈائریکٹر کا ووٹ بھی شامل ہوگا۔

مگر شرط یہ ہے کہ، شخص جو اتھارٹی کے چیئرمین کا عہدہ رکھتا ہے اس ایکٹ کے نفاذ پر بطور چیئرمین تسلسل ختم ہو جائے گا اور وہ اس ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے ایک سالہ مدت کے لیے اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو افسر کا عہدہ سنبھالے گا۔

(۲) کسی بھی شخص کا بطور چیف ایگزیکٹو افسر تقرر نہ ہوگا تاوقتیکہ شخص ISOE ایکٹ میں صراحت کردہ موزوں اور درست معیار پر پورا اترتا ہو اور اس کی تعمیل کرتا ہو۔

(۳) بورڈ چیف ایگزیکٹو افسر کے عہدے کے لیے درخواست گزاروں کی جانچ پڑتال، شارٹ لسٹنگ اور انٹرویو کے لیے شفاف، مسابقتی اور معروضی طریقہ کار وضع کرے گا۔

(۴) چیف ایگزیکٹو افسر کی تقرری کی قیود و شرائط کا تعین بورڈ کی جانب سے کیا جائے گا۔

(۵) چیف ایگزیکٹو افسر کو تین سال کی میعاد کے لیے کارکردگی کی معاہداتی بنیاد پر تقرر کیا جائے گا، جو معقول اطمینان بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مزید دو سال کے لیے قابل توسیع ہوگی۔

(۶) چیف ایگزیکٹو افسر کی سالانہ کارکردگی پر نظرثانی بورڈ کی جانب سے کی جائے گی۔

(۷) چیف ایگزیکٹو افسر، ایک بار تقرری کے بعد، وفاقی حکومت کی جانب سے اس کی مدت مکمل ہونے سے قبل برطرف نہیں کیا جائے گا سوائے بورڈ کی سفارش پر، جس سفارش برطرفی کی سفارش کرنے کے لیے معقول وجہ پیش کرے گی۔

۸ب۔ **چیف ایگزیکٹو افسر کے اختیارات اور کارہائے منصبی:۔**

(۱) ISOE ایکٹ کے احکامات، بشمول اس کی دفعہ ۱۵ کے تابع، چیف ایگزیکٹو افسر ایسے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسے کارہائے منصبی انجام دے گا جیسا کہ اس ایکٹ، اور اس کے تحت مرتب کردہ قواعد اور ضوابط میں فراہم کیے گئے ہوں۔

(۲) چیف ایگزیکٹو افسر،۔۔

(الف) بورڈ کے زیر تفویض اور بورڈ کی نگرانی اور ہدایات کے تابع اتھارٹی کے انصرام کے لیے اور مالیاتی اور دیگر معاملات میں اس کے طریقہ ہائے کار کے لیے ذمہ دار ہوگا؛

(ب) بورڈ کی جانب سے منظور شدہ حکمت عملیوں اور پالیسیوں پر درست عمل درآمد کو یقینی بنائے گا؛ اور

(ج) اس امر کو یقینی بنانے کے لیے مناسب انتظامات کرے گا کہ فنڈز اور وسائل صحیح طریقے سے محفوظ کیے گئے ہیں اور اتھارٹی کے کاروباری منصوبے، اتھارٹی کے بنیادی مقصد اور تمام دیگر قانونی ذمہ داریوں کی مطابقت میں اور معاشی طور پر، باکفایت طریقے سے اور موئثر طور پر استعمال کیے گئے ہیں''۔

۸۔ **ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۹ کی ترمیم:۔** اس ایکٹ کی دفعہ ۹ میں ۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۲) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۲) بورڈ کا اجلاس منعقد ہوگا:۔

(الف) کم از کم ہر دو ماہ میں ایک مرتبہ؛اور

(ب) دیگر اوقات میں جیسے بورڈ اتھارٹی کے کاروبار اور اُمور کے مستعد انصرام کے لیے ضروری سمجھے۔؛

(ب) مذکورہ بالا طور پر ترمیم شدہ، ذیلی دفعہ (۲) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۳) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۳) SOE ایکٹ کے احکامات کے تابع ،بشمول اس کی دفعہ ۲۲ کے، بورڈ کے اجلاس کا کورم چھ ارکان سے کم نہ ہوگا، جس میں تین آزاد ڈائریکٹرز اور ایک بر بنائے عہدہ ڈائریکٹر شامل ہے، جو ذاتی طور پر یا ویڈیو لنک کے ذریعے موجود ہوں گے۔''؛

**۹۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء میں، دفعہ ۹ الف کی شمولیت:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۹ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ ۹ الف کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''۹ الف۔ **بورڈ کے فیصلہ جات:۔** بورڈ کے فیصلہ جات اکثریت کی جانب سے لیے جائیں گے، تاہم حسب ذیل فیصلوں کے لیے تین چوتھائی اکثریت کی ضرورت ہوگی، جس میں اس ڈویژن جسے اتھارٹی کا کام تفویض کیا گیا ہے کے ڈائریکٹر بر بنائے عہدہ کا ووٹ شامل ہوگا۔ یعنی:۔

(الف) چیف ایگزیکٹو افسر کا تقرر اور برخاستگی؛

(ب) بیان مقاصد ادارہ اور کاروباری منصوبے کی منظوری؛

(ج) اہم اثاثہ جات کے فروخت کی تجویز؛

(د) سالانہ میزانیائی گوشوارے کی منظوری؛اور

(ہ) اتھارٹی کے اثاثہ جات کی فروخت؛

مگر شرط یہ ہے کہ ووٹ مساوی ہونے کی صورت میں چیئرپرسن کا ووٹ تائیدی یا حتمی ہوگا'۔

**۱۰۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۱۲ میں، الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' کو، لفظ ''بورڈ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۱۱۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۱۴ میں، دوسرے فقرہ شرطیہ کو حذف کر دیا جائے گا۔

**۱۲۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۵۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵۱ میں، الفاظ ''متعلقہ ڈویژن کی پیشگی منظوری سے کی گئی'' کو حذف کر دیا جائے گا۔

**۱۳۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۵۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵۲ میں، لفظ ''چیئر مین'' کو، لفظ ''چیئر پرسن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد الفاظ ''، چیف ایگزیکٹو افسر،'' کو شامل کر دیا جائے گا۔

**۱۴۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۵۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵۳ میں، لفظ ''چیئر مین'' کو، لفظ ''چیئر پرسن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا، اور اس کے بعد الفاظ ''، چیف ایگزیکٹو افسر،'' کو شامل کر دیا جائے گا۔

**۱۵۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۵۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵۴ میں، عنوان میں الفاظ ''چیئر مین، وغیرہ کو'' حذف کر دیا جائے گا اور لفظ ''چیئر مین'' کو، الفاظ ''چیف ایگزیکٹو افسر'' سے، اور الفاظ ''یا ایک رکن'' کو، الفاظ ''بورڈ کی کمیٹیاں'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۱۶۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۵۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵۵ میں، لفظ ''چیئر مین'' کو، الفاظ ''چیف ایگزیکٹو افسر،'' سے تبدیل کر دیا جائے گا، اور لفظ ''اراکین'' کے بعد، الفاظ ''بشمول چیئر پرسن'' کو شامل کر دیا جائے گا۔

**۱۷۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۵۶ کا حذف:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵۶ کو، حذف کر دیا جائے گا۔

**۱۸۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۵۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵۷ میں،۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں ، الفاظ'' ایسے فارم میں جیسا کہ ایکٹ کی مقتضیات کے مطابق آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے مقررہ ہو'' کو الفاظ'' بین الاقوامی مالیاتی رپورٹنگ کے معیارات کی مطابقت میں'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ'' متعلقہ ڈویژن''، جہاں کہیں آرہے ہوں، تو لفظ'' بورڈ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۱۹۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ٦٠ الف کا حذف:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ٦٠ الف کو مکمل طور پر حذف کر دیا جائے گا۔

**۲۰۔ ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ٦۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ٦۳ میں،۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۱) اتھارٹی مالیاتی سال کے لیے جس سے وہ متعلق ہے اپنے آپریشنز اور اپنے ذیلی اداروں کے بارے میں ایک رپورٹ متعلقہ ڈویژن کو پیش کرے گی ، جو SOE ایکٹ کے جدول۔ششم میں مقررہ فارم میں اس مالیاتی سال کے اختتام کے بعد چار ماہ کے اندر ہو۔''؛اور

(ب) ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعات (۱ الف) اور (۱ب) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۱الف) ذیلی دفعہ (۱) میں محولہ سالانہ رپورٹ میں ایسی معلومات کو حذف کیا جا سکے گا جسے بورڈ معقول طور پر سمجھتا ہو کہ اگر افشا کیا جائے تو اتھارٹی یا کسی ذیلی ادارے کے تجارتی مفادات کو مادی طور پر مضرت پہنچنے کا احتمال ہے۔

مگر شرط یہ ہے کہ بورڈ متعلقہ ڈویژن کو سالانہ رپورٹ سے حذف شدہ معلومات

پر ایک رپورٹ اور ایسے احذاف کے لیے وجوہات پیش کرے گا اور مذکورہ رپورٹ کو خفیہ رکھا جائے گا۔

(اب) اتھارٹی متعلقہ ڈویژن کو مالیاتی سال کی پہلی ششماہی کے لیے اتھارٹی کے آپریشنز کی ایک ششماہی رپورٹ پیش کرے گی جس سے وہ متعلق ہو جو اس مالیاتی سال کی پہلی ششماہی کے اختتام کے بعد دو ماہ کے اندر ہوگی"۔

۲۱۔ **ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۶۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶۹ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں الفاظ "، متعلقہ ڈویژن کی پیشگی منظوری سے،" کو حذف کر دیا جائے گا۔

۲۲۔ **ایکٹ ۴۳ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۷۰ کا حذف:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷۰ کو حذف کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

ریاستی ملکیتی انٹر پرائز ز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، 2023ء (SOEs Act, 2023ء) کے نفاذ کے بعد، ہر ریاستی ملکیتی ادارے کی درجہ بندی کی گئی ہے اور یہ قرار دیا گیا ہے جیسا کہ مطلوب ہے کہ وہ اپنے متعلقہ قانون کو SOEs Act 2023ء، کے مطابق ہم آہنگ کریں۔

پورٹ قاسم کو وفاقی حکومت کی جانب سے 2024-12-04ء، پر درجہ بند کیا گیا ہے اور اسٹریٹیجک SOE قرار دیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت کے فیصلے کی پیروی میں، پورٹ قاسم اتھارٹی ایکٹ، 1973ء جو وزارت بحری اُمور کے دائرہ اختیار میں آتا ہے میں SOEs ایکٹ، 2023 کے احکامات کے مطابق اس میں بذریعہ ہذا ترامیم کی جارہی ہے۔

مزید برآں، بہتر طرز حکمرانی اور آپریشن، عام احتساب اور بہتر خدمت کی فراہمی کے حصول کے لیے، پورٹ قاسم اتھارٹی ایکٹ، 1973ء میں ترمیم تجویز کرنے کے ذریعے مذکورہ بالا قانون میں حسب ذیل تبدیلیاں وضع کی گئی ہیں:

۱۔ SOEs ایکٹ، ۲۰۲۳ء، غالب اثر رکھتا ہے؛

۲۔ صنفی شمولیت کے لیے، لفظ 'چیئر مین' کو لفظ 'چیئر پرسن' سے تبدیل کیا گیا ہے؛

۳۔ چیئر پرسن کا کردار چیف ایگزیکٹو افسر (CEO) سے الگ ہے ایسے طریقہ کار میں کہ چیئر پرسن بورڈ کی قیادت کے لیے ذمہ دار ہوگا جبکہ CEO ریاستی ملکیتی انٹر پرائز کے روزمرہ کے آپریشنز میں شامل ہوگا؛

۴۔ پورٹ قاسم اتھارٹی کے بورڈ کی تشکیل حسب ذیل پر مشتمل ہوگی:۔

(الف) آزاد ڈائریکٹرز سے اکثریت کی نمائندگی؛

(ب) چیف ایگزیکٹو افسر، اور

(ج) بر بنائے عہدہ ڈائریکٹرز بشمول بحری اُمور ڈویژن اور فنانس ڈویژن سے ایڈیشنل سیکرٹریز۔

۵۔ اس کا مجموعی مقصد بین الاقوامی بہترین طریقوں اور SOEs ایکٹ، 2023 کی سطح پر اچھی گورننس کو یقینی بنانا ہے؛ اور

۶۔ چیف ایگزیکٹو افسر (CEO) کی تقرری اور برطرفی کے لیے تفصیلی طریقہ کار SOEs،

ایکٹ 2023 کی مقتضیات کی مطابقت میں فراہم کیا گیا ہے تا کہ پورٹ قاسم اتھارٹی کے بورڈ اور وفاقی حکومت کے درمیان توازن اختیار کو یقینی بنایا جاسکے۔

**محمد جنید انور**

وفاقی وزیر برائے بحری اُمور